## ڈاکٹر عامر لیاقت حسین کا ایم کیو ایم سے کوئی تعلق نہیں ہے، رابطہ کمیٹی

## ڈیڑھ سال قبل ہی ذمہ داریوں اور غیر اعلانیہ طور پر تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا گیا تھا

## عامر لیاقت، ایم کیو ایم دشمنوں کے ہاتھوں بک کر مذہبی منافرت پھیلا رہے ہیں

کراچی۔۔۔9، ستمبر 2008ء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ڈاکٹر عامر لیاقت حسین سے لاتعلقی کا اظہار کرتے ہوئے عامر لیاقت حسین کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کرنے کا باقاعدہ اعلان کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ڈاکٹر عامر لیاقت حسین، ایم کیو ایم دشمن طاقتوں کے ہاتھوں بک چکے ہیں اور ایم کیو ایم کی پالیسی کے خلاف ایسی باتیں کررہے ہیں جن سے مذہبی منافرت پھیل رہی ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ماضی میں ڈاکٹر عامر لیاقت حسین کو بار بار تنبیہ کی گئی لیکن وہ اپنے ٹی وی پروگراموں میں مذہبی منافرت پھیلانے سے باز نہیں آئے جس کی بنیاد پر انہیں ڈیڑھ سال قبل ہی تنظیمی ذمہ داریوں سے سبکدوش کردیا گیا تھا اور غیر اعلانیہ طور پر تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا گیا تھا۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم کے تمام کارکنان اور عوام کو مطلع کرتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر عامر لیاقت حسین کا ایم کیو ایم سے کوئی تعلق نہیں ہے اور ایم کیو ایم ان کے کسی بھی قول وفعل کی ذمہ دار نہیں ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ عامر لیاقت حسین نے ایم کیو ایم کے پلیٹ فارم کو استعمال کرتے ہوئے ٹی وی پروگراموں میں شہرت پائی اور پارٹی ٹکٹ پر رکن قومی اسمبلی اور پھر وفاقی وزیر برائے مذہبی امور بنے۔اس کے باوجود وہ مسلسل ایم کیو ایم کی فلاسفی کے خلاف باتیں کرتے رہے ہیں اور مذہبی پروگراموں کی میزبانی کے دوران ایسی باتیں کرتے رہے ہیں جن سے ملک میں مذہبی رواداری اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے بجائے مذہبی منافرت پھیلنے اور مختلف فرقوں میں تصادم پیدا ہونے کا خدشہ ہو جو کہ ایم کیو ایم کی پالیسی کے سراسر خلاف ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیو ایم اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے کارکنان ہر قسم کی مخالفت کے باوجود ملک میں مذہبی رواداری اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ کیلئے دن رات کوشاں ہیں لیکن دوسری طرف عامر لیاقت حسین جیسے لوگ محض چند پیسوں کی خاطر ملک کے مختلف فرقوں کو آپس میں لڑانے کا عمل کررہے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے ایک مرتبہ پھر کارکنان اور عوام کو مطلع کیا کہ عامر لیاقت حسین کو ایم کیو ایم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا گیا ہے اور ان کے کسی بیان، تقریر یا مضمون سے ایم کیو ایم کا کوئی تعلق نہیں ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ عامر لیاقت حسین سے رابطہ کرنے یا لین دین کرنے والے اپنے فعل کے خود ذمہ دار ہونگے۔

## ایم کیو ایم محمود آباد اور بلدیہ ٹاؤن سیکٹرز کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔9، ستمبر 2008ء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم محمود آباد سیکٹر یونٹ یوسی 1 کی یونٹ کمیٹی کے رکن محمد یوسف اعوان کے والد میر داد خان اور ایم کیو ایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ 12-B کے کارکن مہدی حسن کی اہلیہ محترمہ نسرین بانو کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## کل کراچی سمیت سندھ بھر میں ایم کیو ایم کے جنرل ورکرز اجلاس منعقد ہونگے

## اجلاسوں سے الطاف حسین بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کریں

کراچی۔۔۔9، ستمبر 2008ء متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام کل بروز بدھ کو دوپہر دو بجے کراچی اور سندھ کے 19 زونوں میں جنرل ورکرز اجلاسوں کا انعقاد کیا جائے گا جن سے قائد تحریک جناب الطاف حسین لندن سے بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔مرکزی اجتماع کراچی میں ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں منعقد ہوگا جبکہ اندرون سندھ میں ایم کیو ایم کے زونل دفاتر پر جنرل ورکرز اجلاس منعقد ہوں گے۔جنرل ورکرز اجلاس میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی، صوبائی وزراء، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، ایم کیو ایم کے مختلف شعبہ جات کے ذمہ داران، حق پرست ٹاؤن ناظمین، نائب ناظمین، یوسی ناظمین، نائب یوسی ناظمین، کونسلر، ایم کیو ایم کی زونل کمیٹیوں کے ارکان، سیکٹروں اور یونٹوں ذمہ داران اور کارکنان شرکت کریں گے۔

☆☆☆☆☆☆